© rasailojaraid.com



عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ جنوبی افغانستان کے چالیس اضلاع پر طالبان کی حکومت قائم۔(ایک خبر)

معمارِ حرم باز بہ تعمیر جہاں خیز!

☆ اپوزیشن نے سارا سال الاؤنس پورا کرنے کے سوا کوئی کام نہیں کیا۔(پرویز الٰہی)

اور حکومت نے سارا سال کیا کیا؟ آٹا 13 روپے کلو، ٹماٹر 120 روپے کلو، گوشت 160 روپے کلو

☆ علّامہ اقبال، ریاست میں دین کی نہیں، سیاست کی بالادستی چاہتے تھے۔(جسٹس (ر) جاوید اقبال)

بیان دینے سے پہلے اپنے والدِ محترم کا یہ شعر پڑھ لیا ہوتا:

جلال بادشاہی ہو کہ جمہوری تماشا ہو | جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

☆ پیرس کے کلب میں ڈانس کرنا اچھا لگا۔ قد چھوٹا ہونے کی وجہ سے پارٹنر نہیں ملتا تھا۔(نسیم حسن شاہ۔ ریٹائرڈ چیف جسٹس)

نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم | نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے

☆ جنرل مشرف کا دور بہتر رہا ہے۔(حامد سعید کاظمی)

"زہے نصیب جسے عشق راس آئے"

☆ مولانا شاہ احمد نورانی وفات پا گئے۔(ایک خبر)

"موت العالم موت العالم"، ایک عالم کی موت، ایک جہان کی موت ہے۔

☆ ملک کے ایٹمی سائنسدان سے بدسلوکی نہیں ہوئی۔(حکومتی ذرائع)

صرف گرفتار کیا گیا!

☆ سیاست سچی بات کا نام ہے۔(شیخ رشید)

تو پھر جھوٹ کسے کہتے ہیں؟

☆ چوری کے ملزم، محنت کش پر تھانیدار کا تشدد، ٹانگیں چیر ڈالیں، گوشت کاٹ لیا۔(ایک خبر)

حکمرانوں کو اپنے اللّوں تللّوں سے فرصت نہیں۔ ملک، پولیس سٹیٹ بنا ہوا ہے۔

☆ منت کرتا ہوں۔ پی پی، نواز لیگ پارلیمنٹ چلنے دیں۔(جمالی)

"اقتدار بچاؤ" کا سوال ہے بابا!

☆ نصابِ تعلیم سے جہاد کے متعلق آیات ختم کی گئیں، نہ کریں گے۔ میں خود بنیاد پرست ہوں۔(وفاقی وزیر تعلیم زبیدہ جلال)

"روشن خیال"، حکومت کے ایوان میں روشنی کی کرن!

☆ مجلس عمل نے قانون توڑا تو ہم نے ریسٹ ہاؤس خالی کرا لیے ہیں۔(چودھری شجاعت)

ہم بڑھکیں نہیں بڑھ کر مارتے ہیں۔(حافظ حسین احمد)

© rasailojaraid.com